URDU NOVEL BANK

تیری میری کہانی

از قلم: اقراء ایوب

مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق مصنفین کے نام محفوظ ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ ناول بینک ویب پر اپنی تحریر پبلش کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمارے واٹس اپ یا ای میل پر سینڈ کردیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com

WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

URDU NOVEL BANK

طلوع آفتاب کا منظر دیکھنا ہمیشہ سے اس کا معمول رہا تھا لیکن گزشتہ 5 سال سے اس منظر کو دیکھتے اس کی آنکھیں نمکین پانیوں سے بھر جاتیں تھیں. آج بھی نماز فجر کی ادائیگی اور تلاوت کے بعد اس منظر کو دیکھتے ہوئے وہ خوب روئی. یہ آنسو وہ کسی کی یاد میں بہاتی تھی. جسکا نام تھا "پریشے کیانی" اس کی بہن،اس کی دوست، پری ٹھیک آج سے 5 سال پہلے اس دار فانی سے کوچ کر گئی تھی۔

اس سے پہلے وہ اپنے آنسو صاف کرتی ہنستے مسکراتے دو معصوم چہرے کمرے میں داخل ہو چکے تھے.آنی مما آپ مما کو یاد کرکے رو رہی ہیں کیا؟ یہ سوال روز "حورین" اور "حمدان" اس سے پوچھتے تھے اور وہ صرف ان دونوں کی خوشی کے لیے ہنس دیتی

نہیں بیٹا میں نہیں روتی

آنی مما جب پاپا آئیں گے تو میں ان کو کہوں گا مما کو واپس لے کے آئیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ جس شخص کے ذکر سے بچنا چاہتی تھی وہی نام ہر وقت سننے کو ملتا تھا.میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی "زارون کیانی" کبھی نہیں

ابھی سے میرے رفوگر کے ہاتھ تھکنے لگے

ابھی تو چاک میرے زخموں کے سلے بھی نہیں

سلمان کیانی" ریٹائرڈ آرمی آفیسر تھےاور ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے لیدر بزنس شروع " کردیا جو بہت جلد کیانی انڈسٹریز کے نام سے جانا جانے لگا. سلمان صاحب کی شادی ان کی خالہ زاد "رئیسہ بیگم" سے ہوئی تھی جوکہ دو بہنیں تھیں دوسری بہن تایا زاد سے بیاہی گئی تھیں. سلمان صاحب کو خدا نے شادی کے 7 سال بعد اولادنرینہ سے نوازا تھا. اپنے لاڈلے کا نام انہوں نے "شہروز کیانی" رکھا. دو سال بعد پھر خدا نے بیٹے سے نوازا.اور اسکا نام بہروز کیانی رکھا گیا.

وقت کا کام ہے بڑھنا اور وقت بڑھتا رہتا ہے.

اچانک ایک کار حادثہ میں سلمان کیانی اور انکی اہلیہ خالق حقیقی سے جا ملے.

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آگاہ اپنی موت سے کوء بشر نہیں

سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں

اب کیانی انڈسٹریز کو شہروز اور بہروز کیانی سمبھالتے. شہروز اور بہروز کیانی کی بیویاں آپس میں تایا زاد اور خالہ زاد تھیں.

.بہروز کیانی کو خدا نے ایک بیٹا عطا کیا جس کا نام اس کے تایا نے "زارون کیانی" رکھا

شہروز کیانی کے ہاں دو معصوم کلیوں نے جنم لیا جو صرف ایک سال چھوٹی بڑی تھیں. بڑی بیٹی "پریشے کیانی" اور چھوٹیکا نام "علیزے کیانی" رکھا گیا.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس طرح زاون "کیانی ولا" کا اکلوتا اوربڑا بیٹا تھا. پریشے زاون سے 3 سال جبکہ علیزے 4 سال چھوٹی تھی.

زاون ایک سنجیدہ مزاج اور نہایت دوستانہ طبیعت کا حامل شخص ہے.عام سی پرسنیلٹی لیکن نہایت ذہین اور فرمانبردار.

URDU NOVEL BANK

پریشے بھی کم گو اور گھر بھر کی لاڈلی اور خوبصورت بھی خاص طور پے اس کی گردن پے موجود تل جو اور بھی اس کو پرکشش بناتے.

جبکہ علیزے اس کے الٹ تھی بہت ہی باتونی اور مردانہ حسن پے مرنے والی. رہی بات خوبصورتی کی تو کیا کہنے لمبے گھنے گھٹنوں کو چھوتے بال، سرخ اور سفید رنگ،اور چہرے پے پڑتے ڈمپل جو اس کے حسن کو دوبالا کرتے.

مما پلیز جلدی سے ناشتہ بنوا دیں پہلے ہی یونیورسٹی سے لیٹ ہو گی ہوں علیزے کمرے سے نکلنے کے ساتھ ہی آوازیں لگاتی آرہی تھی.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بیٹا جی یہ کون سی نئ بات ہے آپ کا تو معمول ہے یہ سارہ بیگم نے علیزے کو صبح ہی جھاڑ پلا دی تھی.

اسماء بیگم نے فٹ اس کی سائیڈ لی اور کہنے لگیں بیٹا آپ بیٹھو میں ناشتہ خود بنا کر دیتی ہوں آپ کو. شکریہ چچی جان.

مما پری کہاں ہے ؟

URDU NOVEL BANK

.وہ باہر لان میں ہے

.تمہاری طرح تو نہیں ہے اور آپی کہا کرو اسے حد ہوگئ زاورن کا نام بھی بگاڑ کر لیتی ہو

.اس سے پہلے اس کو اور ڈانٹ پڑتی زاورن کی انٹری سے بچت ہوگئ

.سلام بڑی مما اور مما

.وسلام بیٹا جیتے رہو

.میں جانے لگا تھا اس بلی کی آواز آء تو یہاں آگیا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتہ کرو بیٹا۔

نہیں میں نے پپا اور بڑے پپا کے ساتھ کرلیا ہے،اچھا مما میں آج لیٹ آوں گا

HEC

کے کچھ ممبرز آئیں گے اور آفس بھی جانا ہے۔

.اچھا، بیٹا خیریت سے جاؤ خدا کی امان

URDU NOVEL BANK

سارہ بیگم کو زارون بہت پیارا ہے.اور زارون کو بھی اپنی ماں سے زیادہ سارہ بیگم عزیز تھیں. جبکہ اسماء بیگم کو پری اور عزی زیادہ پیاری تھیں.زاوی ان کا اکوتا بیٹا ہے لیکن دونوں لڑکیوں کا مقام بیٹے سے بڑھ کے ہے.

زارون مقامی گورنمنٹ کالج میں فزکس کے پروفیسر کے عہدہ پر فائز ہے. جبکہ پریشے ایم ایس میتھس کے سیکنڈ سمسٹر اور علیزے ایم بی اے فائینل سمسٹر کی طالبہ تھیں.

زارون کا کالج یونیورسٹی کے راستے میں ہی ہے.لیکن علیزے میڈم جلدی اٹھیں تو اس کے ساتھ جائیں اس کو باقاعدہ پری چھوڑنے جاتی جبکہ واپسی پے زارون،پری کو چھوڑنے اور علیزے کو لینے جاتا.کیونکہ پری کی کلاس ایوننگ میں ہوتیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زارون کو سب گھر میں زاوی،پریشے کو پری،جبکہ علیزے کو عزی کہتے.

زاوی اور عزی میں خوب دوستی ہے،جبکہ پری بہت کم بولتی،البتہ دونوں بہنوں میں بہت دوستی ہے.

URDU NOVEL BANK

عزی نے اپنے سینئر حاشر حیات کا بھی صرف پری کو بتایا ہوا تھا۔

حاشر اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد ہے.اس والدین وفات پا چکے ہیں.اب وہ اپنی دادی کے ساتھ رہتا.ایک نمبر کا فلرٹی اور خوبرو، ناجانے کتنی لڑکیوں کو جھوٹی محبت کے جال میں پھانس کر ان کی عزتیں لوٹ چکا تھا وہ.

کیانی ولا کل ۵ کنال پر تعمیر کیا گیا تھا. داخلی دروازے کے ساتھ ہی داہئیں طرف پورچ تھا اس کے ساتھ انیکسی تھی .جبکہ باہئیں جانب بہت ہی خوبصورت لان تھا. جس میں خوبصورت سی مصنوعی جھیل بھی تھی.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رہاہشی عمارت میں گراونڈ فلور پر ٹی وی لاونج، ایک ہال،اسٹڈی روم،ڈاہئنگ ہال، پریھر روم اور ایک کچن تھا. سیکنڈ فلور پر کمرے تھے جن میں پہلا شہروز صاحب کی فیملی اور پھر بہروز صاحب کا تھا ساتھ میں زارون ، پری اور عزی کے کمرے تھے. جبکہ تھرڈ فلور پے ایک سٹور روم اور باقی اوپن تھا۔

URDU NOVEL BANK

کیانی ولا ایک محبتوں میں مثالی گھر مانا جاتا،وجہ اس گھر کے افراد کا اتفاق تھا، پانچ کنال کے بنے اس محل میں ہر دم خوشیوں کا راج ہے اور ان محبتوں میں اضافہ زارون اور پریشے کا نیا بننے والا رشتہ جس کی خواہش آج بہروز کیانی اور اسماء بیگم کرنے والے تھے.اور یہ خواہش تو سارہ بیگم کی بھی تھی۔

بھاء صاحب میں پریشے کو اپنی بیٹی بنانا چاہتا ہوں. زارون سے میں نے پوچھا ہے اسے کوء اعتراض نہیں ہے. میری دلی خواہش ہے یہ کہ ہم اپنے بچوں کو ایک پاک رشتے میں جوڑ دیں. آپ بھی پریشے سے پوچھ لیں.

ٹھیک ہے میں پوچھ لوں گا اس سے ویسے مجھے یقین ہے کہ اسے کوء اعتراض نہیں ہوگا.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایسا ہو تو بہت اچھا ہوگا میری بھی برسوں پرانی خواہش پوری ہو جاے گی.

پری یار کہاں ہو ایک نیوز ہے تمھارے لیے.

کیا ہے عزی کیوں شور کر رہی ہو پوری کالونی سن لیتی ہے.

. یار چچا اینڈ فیملی تشریف لاے ہوے ہیں. کون سی نئ بات ہے وہ تو یہیں ہوتے ہیں

بریکنگ نیوز ہے میڈم پریشے کیانی کا پرپوزل آیا ہے. عزی نے ایک اہم خبر دینی چاہی جیسے .

تو کون سی نئ بات ہے یہ عزی کتنے ہی پرپوزل آچکے ہیں.

.پریشے ہنوز اس کی بات کو اگنور کر رہی تھی

.میڈم اس بار آسامی بہت مضبوط ہے مما پپا ضرور ہاں کر دیں گے

.اچھا ٹھیک ہے

.یار پری پوچھ ہی لو ویسے اس کے بارے میں.عزی کی دہاءیاں عروج پے تھیں

.اوکے میڈم رپوٹر بتاہیں آپ.پریشے اپنی ہار مان چکی تھی

.زارون کیانی کے والدین اپ کے لیے اپنے لاڈلے فرزند کا رشتہ لاے ہیں

کیا مطلب؟

ہہم سمجھ نہیں آء تمہیں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں.

سمپل بات ہے ڈیرکہ تمہارے لیے چچا چچی نے زاوی بہاء کا پرپوزل لایا ہے.

اچھا.

تمہیں خوشی نہیں ہوء. تم ساری زندگی مما پپا کے ساتھ رہو گئ. نہ سسرال کی پریشانی نہ جنجھٹ. میں بہت خوش ہوں تمہارے لیے پری. زاوی بہاء بہت اچھے ہیں. اور میں نے سنا ہے ان کو تم سے محبت بھی ہے.

میں نکاح سے پہلے کی محبت کو نہیں مانتی عزی یہ صرف ہوس ہوتی ہے اور کچھ بھی نہیں. پری نے اپنی رائے کا اظہار کر دیا تھا لیکن عزی کو بلانے کیلیے آتا زارون ان دونوں کی گفتگو سن چکا تھا. اور مسکرا کر کمرے کا دروازہ ناک کرتا داخل ہوا.

آہم. کی آواز کے ساتھ ہی پری نے جھٹ سے گلے میں پڑا ڈوپٹہ سر پے لے لیا جبکہ عزی کا ڈوپٹہ اس کے کندھے پے ہی لٹک رہا تھا.

جی زاوی بہاء کوء بات تھی؟

وہ ایک کپ کافی چاہیئے تھی تو تب، سوری اگر ڈسٹرب کیا.

.اٹس اوکے، زاوی بہاء میں بنا دیتی ہوں

.اس سب کے دوران پری ایسے منہمک ہو کے کتاب پڑھی تھی جیسے وہ وہاں ہو ہی نہ

اگلی رات کھانے کی ٹیبل پے سب موجود تھے.اور علیزے کی وہی ضد کے اسے زارون کی ساتھ والی کرسی پر ہی بیٹھنا ہوتا. جبکہ زارون اپنی بڑی مما کے پاس بیٹھتا کیونکہ اس کے بڑے ہوجانے کے باوجود کھانا اس کو بڑی مما کے ہاتھ سے ہی کھانا ہوتا۔

بیٹا کھانا تو آرام سے کھانے دو اسے ہر وقت میرے بیٹے کو تنگ کرتی رہتی ہو. پریشے بھی تو ہے تم سے سال بڑی ہے کوء ضد نہیں کرتی اور پریشے کے نام پے زارون نے اس کو دیکھا.اسکاء بلیو اور واءٹ کے سمپل سوٹ میں ڈوپٹے کو نماز کے سٹاءل میں لیے وہ سب سے بے نیاز کھانا کھا رہی تھی. زارون کو کب وہ اچھی لگنے لگ گئ وہ نہیں جانتا .تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زارون کو ہمیشہ سے سنجیدہ سی کم گو سی پریشے پسند تھی بچپن سے ہی وہ اس سے اٹیچڈ تھی لیکن وقت کے ساتھ ساتھ وہ اس سے کترانا شروع ہوگئ. اور علیزے اس سے اتنا قریب.

لیکن اس نے ہمیشہ سے علیزے کو بہن جیسا پیار اور عزت دی. اپنے ایک کولیگ کی شادی پے وہ عزی کو لے کر گیا تو وہاں بھی بہن ہی متعارف کروایا. جبکہ پریشے اس کے ساتھ کم ہی آتی جاتی. شاید پری نے اس کی آنکھوں میں اپنی محبت کی قندیلیں دیکھ لی تھیں.

آؤ عزی، زارون نے اپنی ساتھ والی کرسی خالی کر دی تھی اور اب صورتحال یہ تھی کہ راؤٹ ساؤیڈ کی کرسیوں پے پہلے پریشے،زارون،اور علیزے بیٹھے تھے اور لیفٹ ساؤیڈ پر زارون کے سامنے بڑی مما، مام،اور اس کے ڈیڈ بیٹھے تھے،جبکہ لیڈینگ چیر پر بڑے پپا تھے.

چلو بیٹا کھانا شروع کرو اور پری بیٹا آپ کھانے کے بعد چائے لے کر میرے پاس اسٹڈی میں آئیں.

جی پپا،اس نے فرمانبرداری سے جواب دیا.

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

.آجاؤں پپا،پری نے اسٹڈی میں داخل ہونے سے پہلے اجازت چاہی

.آجاو بیٹا جی

.پپا آپ کی چائے

شکریہ بیٹا۔

اسٹیڈیز کیسی جارہی ہیں آپ کی؟

.اچھی جارہی ہے،اگزیمیز ہونے والے ہیں پپا

گڈ اور میری پری کی کیسی تیاری ہے؟

.بہت اچھی پپا جی

.بیٹا آپ سے اک بات کرنی ہے

.جی پپا بولیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بیٹا آپ کے چاچو اور چچی نے آپ کے لیے زارون کا پرپوزل لایا ہے تو آپ کی رائے جاننی ہے.

بیٹا آپ کو جتنا ٹائم چاہیے آپ لے لو کوء جلدی یا دباو نہیں ہے آپ پے. زارون گھر کا بچہ ہے دوسرا آپ ہماری نظروں کے سامنے ہو گئ.آپ دونوں کا تمام وقت ساتھ گزرا ہے اس کے کردار میں کوء جھول نہیں ہے اور وہ آپ کو پسند بھی کرتا ہے.

ہمم.انھوں نے اس کے سر پے ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تھا.

پپا میں آپ کے ہر فیصلے کو کبھی انکار نہیں کیا.آپ کا ہر فیصلہ مجھے قبول ہے

پپا میں پھر بھی آپ کو اپنے پیپیرز کے بعد بتاوں گی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آوکے بیٹا، آپ ریسٹ کرو جا کر.

گڈ ناءٹ پپا.

پری اک بات پوچھوں؟

ہاں پوچھوں عزی.

تمہیں زاوی بھاء کیسے لگتے ہیں؟

ٹھیک ہیں.

یار اس لیے پوچھا ہے کیونکہ اب وہ میرے بھنوہی بھی ہوں گے۔

---بتاو بھی اب پری

کہا نہ کے ٹھیک ہے.کیونکہ میں نے کبھی سوچا نہیں اپنے پاٹنر کے بارے میں، بس میری اور میرے والدین کی عزت کرتا ہو.ایسا ہو جس کا میں سوساءٹی میں بتا سکوں یہ ہے میرا پاٹنر.یہ ہے میری محرم محبت،اور زارون میں یہ تمام کوالیٹیز ہیں اور سب سے بڑی بات میرے والدین کی پسند ہے تو میں کیوں کوءاعتراض کروں.

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خدا تمہیں خوش رکھے ہمیشہ.عزی نے بہن کو گلے لگا کر دل سے دعا دی.

اس لمحہ تقدیر کے لکھے سے دونوں انجان بس مسکرا دیں.

اگلی صبح یونی جاتے ہوئے راستے میں علیزے نے زارون کو بھی آڑے ہاتھوں لیا.

URDU NOVEL BANK

زاوی بھاء آپ بہت گھنے ہیں پری کو پسند کرتے ہیں اور مجھے بتایا بھی نہیں یہ تو میں پپا اور چاچو کی باتیں نہ سنتی تو مجھے تو پتہ بھی نہیں چلنا تھا

اب لگ گیاپتہ تو میں کیا کرسکتا ہوں،اور تمہیں بتانے کا مطلب پوری کالونی کو خبر دینا ہے.

زاوی بھاء آپ بہت برے ہیں اور میں آپ کی ہونے والی نصف بہتر کو بتاوں گی کہ آپ اس کی براءیاں کرتے ہیں.

میں نے تو کچھ نہیں کہا اس کو؟

اوکے.....ایک ڈیل کرتے ہیں آپ اج رات میں آفٹر ڈنر آلس کریم کھلاہیں گے تو

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

اوکے ڈن چڑیل.

اسی روز پری کو یونی چھوڑنے راستے میں زارون نے اس سے پوچھ ہی کے دم لیا.

سنیں پریشے، آپ کو ہمارے نۓ بننے والے رشتہ پے کوء اعتراض تو نہیں؟

URDU NOVEL BANK

زارون بہاء، میں پیپرز کے بعد پپا کو بتاوں گی.

---آپ اب بھی مجھے بہاء کہہ رہی ہیں جبکہ آپ کو پتا بھی ہے کہ

میں نکاح نامہ پے دستخط کرنے تک آپ کو بہاء ہی کہوں گی.

اوو،اٹس مین آپ نکاح کرنا چاہتی ہیں.

جی، کیونکہ میں دور حاضر میں منگنی جیسی کسی رسم کی قاﺋل نہیں.اور نکاح ایک مضبوط بندھن ہے.ویسے بھی ہم ایک گھر میں رہتے ہیں تو نکاح ہی ٹھیک ہے.

---اگر میں رخصتی بھی کروا لوں تو

---مجھے اپنا ایم ایس مکمل کرنے دیں پھر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری میں اس وقت کا بے تابی سے انتظار کروں گا.

ہاں مجھے نہیں پروا

اب کسی اندھیرے کی

آنے والی راتوں کے

سب اداس رستوں پر

اک چاند روشن ہے

تیری موہنی صورت

آج سے پری اور عزی کے امتحان شروع تھے.اور پری کے پاس ایک ہفتہ کا وقت تھا اور وہ بلکل نیوٹرل بی ہیو کر رہی تھی.جبکہ علیزے نے پورے گھرمیں شور ڈالا ہوا تھا.

شہروز میں آپ کی چھوٹی لاڈلی سے تنگ آگئی ہوں.

کیوں سارہ بیگم، اب کیا کر دیا میری لاڈلی نے.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سارہ بیگم ہمیشہ سے ہی عزی سے عاجز رہتیں تھیں جبکہ اس کی ساٸیڈ اس کے پپا لے لیتے تو وہ بات ہی نہ کرتیں.

آپ کی لاڈلی کے خیالات توبہ ہے.کہہ رہی تھی کہ پری کی منگنی کی رسم کی بجاۓ نکاح کی تقریب ہو.تاکہ میرا بھی نمبر آۓ.

URDU NOVEL BANK

.تو ٹھیک ہی تو کہہ رہی ہے وہ اس میں غلط کیا ہے

.آپ کے لاڈ نے بگاڑا ہے اسے

اچھا آپ نے بہاء صاحب سے بات کی وہ کیا کہتے ہیں؟

.نکاح کی خواہش ظاہر کر رہے ہیں اور مجھے نہیں لگتا کہ یہ غلط ہے

پری سے بھی پوچھ لیں؟

.آپ پوچھ لینا اس سے،میرا نہیں خیال کہ اسے کوء اعتراض ہوگا

.ٹھیک ہے میں پوچھ لوں گی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری اورعزی کے پیپرز ختم ہوچکے تھے اور دونوں سمسٹر بریک جوکہ ایک ہفتے کی تھی انجواے کرنے کے لیے لاہور اپنے ننھیال جانا چا رہی تھیں.جبکہ گھر کے بڑے پری اور زارون کے نکاح کا سوچ رہے تھے. پری نے آخری پیپر کی رات اپنے مماپپا کو اپنے فیصلے سے آگاہ کر دیا تھا.اسے زارون کیانی اپنے ہمسفر کے طور پر دل و جان سے قبول تھا.اسے اپنے والدین کی پسند پر کوء اعتراض نہ تھا. اور رہی بات منگنی کی تو پری نے

URDU NOVEL BANK

اپنے دلاؤل سے اپنے والدین کو نکاح کے لیے راضی کروالیا تھا.تو ادھر زارون کا زور بھی نکاح کا تھا کیونکہ یہ اس کی محبت کی واضح دلیل تھی.

عرصہ خواب میں رہنا ہے کہ لوٹ آنا ہے

فیصلہ کرنے کی اس بار ہے باری اس کی

شہروز کیانی نے اپنے چھوٹے بھاء کو رضامندی دے دی تھی.اور زارون کو تو اپنی محبت کو پالینے کی جو خوشی تھی وہ اس کے چہرے سے عیاں ہوتی.

رات کو جب کھانے کے بعد جب سب گھر والے لاونچ میں اکھٹے ہوے تو موضوع سخن نکاح کی تاریخ تھا.بہت بحث کے بعد ۱۵ جنوری مقرر ہوء. یعنی صرف 6 دن تھے بیچ میں او تیاری کچھ بھی نہیں تھی.

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

پری کچن میں سب کے لیے چاے بنا رہی تھی اور عزی مسلسل اس کو تنگ کیے جارہی تھی. یار کیا تم دونوں نے چپ کا روزہ رکھا ہوا ہے،تم ہو کہ کچھ اظہار نہیں کرتی اور ادہر میرے گھنے میسنے سے بھاء ہیں کہ پروں پہ پانی نہیں پڑنے دیتے.میں اتنی خوش ہوں اور تم دونوں کے چہروں پر 12 بجے ہوئے ہیں حد ہے ویسے

URDU NOVEL BANK

بیٹا پری آج آپ اور زارون جا کہ براۂیڈل ڈریس لے آنا۔

مما میرا جانا ضروری ہے کیا؟

بلکل ہے ضروری اور ویسے بھی آپ کوۂ انٹرسٹ شو نہیں کر رہی.کیا بات ہے کچھ کہا ہے کسی نے تم سے؟

نہیں ایسی بات نہیں ہے، میرے لیے ہمیشہ آپ شاپنگ کرتی ہیں مجھے کوۂ آۂیڈیہ نہیں ہے مما تب.

بیٹا مجھے پتہ ہے لیکن یہ زارون کی خواہش ہے،اور پھر علیزے بھی ساتھ ہوگی.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور کل آپ پارلر بھی جانا آپ کی اپواۂمنٹ لے لی ہے.

مما اب یہ بھی ضروری ہے کیا؟

بلکل ہے ضروی بلکہ میں عزی کو کہتی ہوں اسی پالر والی کو تمہیں تیار کرنے کا بھی کہے.

URDU NOVEL BANK

.جاؤ تیار ہو آتا ہو گا زارون لینے کیلیے

.جی مما

دوران خریداری بھی زیادہ تر پری چپ ہی رہی،ہر چیز زارون اپنی پسند سے لے رہا تھا.اور پریشے واقعی اس کی پسند کی قاٸل ہوگئ تھی. ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ پہلے بھی اس طرح .کی شاپنگ کر چکا ہو

پریشے کے لیے اس نے واٸٹ اور راٸل بلیو کلر کے کمبینیشن میں سلور اینڈ راٸل بلیو سٹونز کے فل کام والی میکسی لی اور ساتھ میں اسی طرح کی میچنگ جیولری بھی لی تھی.جبکہ علیزے کے لیے اس نے اسکاٸ بلیو کلر کا راجستھانی فراک لیا تھا.اور ساتھ .میں فل میچنگ جیولری

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

راستے میں اس نے دونوں کو پالر چھوڑا اور خود پھر مارکیٹ آگیا.جہاں اس نے اپنی شاپنگ .کی اور پریشے کے لیے گفٹ بھی لیا تھا

گھر کا سارا رستہ اسی سر خوشی میں کٹ گیا

اس سے اگلے موڑ کوٸ ہمسفر ہونے کو ہے

URDU NOVEL BANK

گھر آتے ہی اس نے ساری چیزیں بڑی مما کے حوالے کیں اور خود اپنے روم میں آگیا.اب اس نے پری کو کل شام ہی دیکھنا تھا کیونکہ مما نے ان دونوں کے درمیان پردہ کروا دیا تھا.اور اس نے جی بھر کے احتجاج کیا تھا.

مما یہ کیا بات ہوء کون سا پردہ،ساری لاۂف ہم نے اکھٹے گزاری ہے تب کوء پردہ یاد نہیں آیا کسی کو بھی.

زاوی بیٹا یہ رسم ہے کیوں تنگ کر رہے ہو کچھ گھنٹوں کی تو بات ہے.

مما میرے لیے یہ لمحے صدیوں کے برابر ہیں.

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

جانتی ہوں میں بیٹا جی.

شام میں پری اور عزی کے واپس آنے کے ساتھ ہی ان کے ننھیال والے آچکے تھے.

زارون کی ایک ہی خالہ تھیں جوکہ اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ آگئ تھیں انکے دونوں بیٹے

ٹوئنز تھے جوکہ ابھی میٹرک کے اسٹوڈنٹز تھے.جبکہ پری اور عزی کے ننہیال میں ان کے ایک ہی ماموں تھے جنکی ایک ہی بیٹی تھی جوکہ فرسٹ ائیر کی اسٹوڈنٹ تھی.

رات میں عزی اور پری کی فرینڈز اگئ تھیں تو ان سب نے مل کر خوب ہلا گلا کیا.جبکہ گھر کے سب بڑے ایک طرف بیٹھے ان کی شرارتوں کو دیکھ رہے تھے.

اگلی صبح ایک ہنگامہ تھا. گوکہ نکاح کی تقریب شام کے بعد کی تھی لیکن ایک ہنگامہ برپا تھا.اور ان میں اول نمبر پر علیزے تھی. جو کبھی کیا کرتی اور کبھی کیا اور اس کی آج بھی اپنی مما سے خوب عزت افزاء ہوء تھی.جسکو زارون نے آکر بچایا تھا.

بڑی مما آج اس کو کچھ نہ کہیں آج اس کا بھاء دولہا بننے جا رہا ہے.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بیٹا اس کو اتنا لاڈلہ نہ بناو.اس کا روز کا معمول ہے یہ.

چھوڑیں نہ بڑی مما.بچی ہے

بیٹا جی 22 سال میں ہے یہ اور حرکتیں 22 گھنٹوں والے بچہ والی ہیں.

ہاہاہا، زارون کا بے ساختہ قہقہ نکلا تھا.

ہنس لیں آپ،کچھ زیادہ ہی خوش ہیں آپ آج.

.بالکل آج آپ کی بھابھی تشریف لاہیں گئ

یعنی اب میری بہن میری بھابھی کہلاے گئ کیا

یس، آف کورس۔،اور تم میری طرف ہوگئ

.سوری میں اپنی بہن کو نہیں چھوڑ سکتی

سوچ لو

سوچ لیا

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نکاح میں زارون کے ڈیپارٹمنٹ کے کولیگز،پریشے کی دو تین دوستیں،اور علیزے کا گروپ جن میں حاشر حیات بھی شامل تھا،آے ہوے تھے۔ نکاح کی یہ تقریب کیانی ولا کے لان میں ترتیب دی گئ تھی۔ سٹیج کو واۂٹ روزیز سے سجایا گیا تھا۔اور تھیم میں راۂل .بلیو کلر بھی شامل کیا گیا تھا۔ فوٹوگرافر کا کام زارون کا خالہ زاد زاۂر انجام دے رہا تھا

.اسٹیج کو میچنگ تھیم کے نیٹ کے کرٹنز لگا کر تقسیم کیا گیا تھا

URDU NOVEL BANK

زارون نے خود آج نیوی بلیو کوٹ پینٹ کے ساتھ واٸٹ شرٹ اور میچنگ ٹاٸ پہنی ہوٸ تھی.

پریشے بھی آج کوٸ حور لگ رہی تھی. بیوٹیشن کے ہاتھوں کا کمال اس کے حسن کو دوآتشہ کر رہے تھے.

زارون کی چواٸس میں وہ اور ہی اس کو اپنے دل کے قریب لگی. راٸل بلیو میکسی اور واٸٹ ڈوپٹہ جو آج صرف نام کا ہی سر پر تھا.لمبے بالوں کو کرل کر کے جن میں میچنگ بیٹس اور واٸٹ پھول لگاۓ گۓ تھے داہنے کندھے پر تھے جبکہ ڈوپٹے کا ایک پلو باٸیں بازو پر پن اپ کر دیا گیا تھا. ماتھے پے چمکتی بندھیا اور ہاتھوں میں پہنے واٸٹ فلاورز کے گجرے اور ڈاٸمنڈ کی جیولری اور ویسا ہی پینڈٹ جو اس کی صراحی دار گردن میں جچ رہا تھا۔

سفید جالی دار گھوگھٹ جس نے پریشے کے خوبصورت مہتاب سے چہرے کو چھپا دیا تھا.اور زارون اس کے اس روپ پر دیوانہ ہوا جارہا تھا

خوبصورت غزل جیسا ہے تمہارا چہرہ چاند سا

URDU NOVEL BANK

نگاہیں شعر کہتی ہیں تو لب ارشاد کہتے ہیں.

نکاح شروع کریں مولانا صاحب،یہ آواز بہروز صاحب کی تھی۔

اور مولانا صاحب نے بسم اللہ کے ساتھ نکاح شروع کیا.

زارون کیانی ولد بہروز کیانی آپ کو پریشے کیانی بنت شہروز کیانی بعوض حق مہر 10 لاکھ روپے سکہ راج وقت اپنے نکاح میں قبول ہیں.

اور زارون نے تو یک دم سے ۳ بار'قبول ہیں' کہ دیا تھا. جبکہ پریشے نے تحمل سے مولانا صاحب کے پوچھنے پر اپنی رضامندی دی اور دستخط کیے تھے. اس وقت پری کو ایسا لگا گویا اس کے وجود سے سانس نکل رہی ہو جبکہ تواتر سے اس کے آنسو اس کا چہرہ بھگو چکے تھے. پری کی رضامندی کے بعد تو زارون کے چہرے پے خوشی نمایاں تھی

اچھا لگتا ہے تیرا نام میرے نام کے ساتھ

جیسے کوء صبح جڑی ہو کسی حسین شام کے ساتھ

----

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

جب پری کو لیے عزی سٹیج پر پہنچی تو زارون تو گویا ایک لمحے کو تو جیسے ساکت ہوگیا ہو پریشے اس کی سوچ سے بھی زیادہ پیاری لگ رہی تھی

گوکہ گھونگھٹ ہنوز قاءم تھا۔

زارون نے آگے بڑھ کے پریشے کا ہاتھ تھام لیا تھا. اسے اک دم سے یہ لمحے ان فقروں کی ترجمانی کرتے محسوس ہوے۔

ان دونوں کے اسٹیج پر بیٹھتے ہئ سارہ بیگم نے کتنے ہی ہزاروں کے نوٹ وار کر ان دونوں کی نظر اتاری۔ دونوں کی جوڑی چاند سورج کو شرماے دے رہی تھی۔ حاضرین محفل تو لمحے بھر کو تو پلکیں جھپکتے رہ گے تھے. اتنا پرفیکٹ کپل شاہد ہی کسی نے دیکھا ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تیری محبت میں بس یہ مقام چاہیے

تیرے نام کے ساتھ اپنا نام چاہیے

URDU NOVEL BANK

ڈنر کا آغاز ہوا تو زاہُر کو یہ موقع فوٹو گرافی کے لیے بہتر لگا.اس نے اس پرفیکٹ کپل سے ایسے ایسے پوز بنوائے کہ پریشے کو آخر خود ہی بولنا پڑا کیونکہ اس کی ہمت اوربرداشت اتنی ہی تھی.

پلیز زاہُر ناؤ اسٹاپ اٹ۔

آپی کیا ہوا، ابھی آپ کے روم میں بھی کچھ شوٹ ہیں۔

بعد کی بعد میں دیکھیں گے

اوکے، ایز یو وش۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ڈنر سے فری ہونے کے بعد عزی کی فرماٸش تھی زاروں سے کہ وہ ایک زبردست سا سونگ اس کی بہن کے نام کرے کیونکہ زاروں کی آواز بہت اچھی تھی تو اس نے بھی دیر نہ کی اور جھٹ سے گٹار پکر لیا یہ سانگ میری پیاری سی منکوحہ پری کے نام اور زبردست سی اس محفل میں زاروں کیانی کی خوبصورت آواز گونج رہی تھی.

مجھ میں سفر توں کرتی رہے

URDU NOVEL BANK

ہر اک سانس میں توں گزرتی رہے

شام و صبح توں میرا

تیرے بنا کیا میرا

دو جسم و جان،ایک ہیں

نہ ہونا کبھی توں جدا

تیری میری کہانی

ہے بارشوں کا پانی

بن کے عشق جو برسے

تیری میری کہانی

دیکھو نا کیسی اجازت ملی ہے

اک دوسرے میں حفاظت ملی ہے

جینے کی ساری ضرورت ملی ہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

یہ جام ہی ہے جیسا یوں ہی ہمیشہ

ہمیشہ رہے جس طرح

شام و صبح توں میرا

تیرے بنا کیا میرا

دو جسم و جان ایک ہیں

نہ ہونا کبھی توں جدا

تیری میری کہانی

ہے بارشوں کا پانی

بن کے عشق جو برسے

تیری میری کہانی

مجھ میں سفر توں کرتی رہے

ہر ایک سانس میں توں گزرتی رہے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہم سے یہ جو بھی حرکت ہوء ہے

محبت محبت محبت ہوء ہے

کچھ اتنے ہیں ہم تم

کمی کچھ نہیں ہے

جتنا بھی جینا ہے

تجھ کو ہی جینا ہے

جیتے رہے جس طرح

شام و صبح تو میرا

تیرے بنا کیا میرا

دو جسم و جان ایک ہیں

نہ ہونا کبھی توں جدا

تیری میری کہانی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہے بارشوں کا پانی

بن کے عشق جو برسے

تیری میری کہانی

گانا سنانے کے دوران پریشے مسلسل زارون کی نظروں کے حصار میں تھی۔ وہ تو بس اس کی خوبصورت آواز میں کھوء ہوی تھی۔ وہ جانتی تھی کہ زارون اسے پسند کرتا ہے لیکن اس نے کبھی اظہار نہیں کیا تھا اور اب یوں سب کے سامنے اس کے جذبات کا اظہار وہ تو کچھ سمجھ ہی نہیں پارہی تھی یا پھر سمجھنا نہیں چاہتی تھی

زارون بھاء ویل ڈن بہت اچھی واؤس ہے آپ کی مزہ آگیا ویری ویل ڈن یہ کمنٹس زاؤر کے تھے جو خود بھی سنگنگ کا شوقین تھا.

تھینک یو ڈیر

یو ویلکم.

ابھی ان سب کا اور بھی جاگنے کا ارادہ تھا لیکن شہروز صاحب کی آمد کے ساتھ ہی اپنی محفل برخاست کرنی پڑی.

www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

.عزی بات سنو

.جی بھاء کہیں

.اپنا وعدہ یاد ہے نا

کون سا وعدہ؟

.بتاوں میں تمہیں کون سا وعدہ

علیزے جان بوجھ کر انجان بنی تھی. کیونکہ صبح ہی زارون نے اسے کہا تھا کہ وہ پریشے کو منائے کہ نکاح کے بعد وہ اس سے بات کرنا چاہتا ہے اور شرط یہ تھی کے پری کو تھوڑی دیر کے لیے زارون کے کمرے میں روایتی دلہن کی طرح اپنے دولہے کا انتظار کرنا ہوگا. بات تو صرف بہانہ تھا اصل میں وہ اس کو جی بھر کر دیکھنا چاہتا تھا اپنے پاک جذبوں کو اس تک اس کے سامنے بیٹھ کر پہنچانا تھا. گھر کے بڑوں سے زارون نے بات کرلی تھی انہیں کوء اعتراض نہ تھا. صرف پری کو منانا تھا اور یہ کام زارون نے .علیزے کو سونپا تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عزی پلیز تنگ نہ کرو۔

کرلی ہے بات میں نے آپ کی بیگم سے مشکل سے مانی ہے ابھی اسے ہی آپ کے روم میں چھوڑنے جا رہی ہوں۔

اور ہاں میں خود آپ کو بلانے آوں گی تب تک آپ ڈاۂیلاگز یاد کر لیں جو آپ کو اپنی نصف بہتر کے سامنے بولنے ہیں

آو کے چڑیل

کیا کہا؟

کچھ نہیں جاو تم پلیز۔

جا رہی ہوں۔

بہت گہرے خیالوں میں، محبت کے حوالوں میں

تمہارا نام آ جانا مجھے اچھا لگتا ہے

---

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ
www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website
جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔
گوگل پر ٹائپ کریں
Urdu Novel Bank
اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

وہ حرف حرف چننے گا کتاب کر دے گا

مجھے یقین ہے اک روز میرا ہمسفر

اداس روح کو گلاب کر دے گا

آو پری تمہیں بہاء کے روم میں چھوڑ آوں بہت جلدی ہے تمہارے ہسپینڈ کو تمہیں دیکھنے کی. علیزے نے کمرے میں آتے ہی اس کو حکم نامہ جاری کیا

مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے یار میں نہیں جارہی مجھے نہیں جانا پری واقعی ہی میں خوف زدہ تھی.

کچھ نہیں کہتے بہاء تمہیں نہ ہی وہ آدم خور ہیں کہ وہ تمہیں کھا جاہیں سو بی ریلیکس

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آو صرف ا گھنٹے کی بات ہے۔گھنٹہ نہیں جسٹ ۱۵ منٹ۔

........اچھا میں کہہ دوں گئ بہاء کو. ویسے یہ تم پہ ڈیپنڈ کرتا ہے کہ تم

علیزے نے بات ادہوری چھوڑ دی تھی. اور ایک شرارتی مسکراہٹ پری کی طرف اچھالی.

عزی کیوں میرے ہاتھوں مرنا چاہتی ہو۔

ہاہاہا، ڈارلنگ وہ تو زارون صاحب مریں گے آپ پے آپ کے اس دہکتے بجلیاں گراتے حسن پے۔

مرو تم عزی۔

آو تمہیں چھوڑ آوں اس سے پہلے کے تمہارے شوہر نامدار تمہیں اپنے کسرتی بازوں میں اٹھا کے لے جائیں۔ عزی اب بھی باز نہ آء تھی۔ اس نے تو ابھی دونوں کا ریکارڈ لگانا تھا۔ وہ خوب تنگ کرنا چاہتی تھی۔

زارون کے کمرے کو بھی راؤل بلیو اور وائٹ کے تھیم کے کمبینیشن سے ڈیکوریٹ کیا گیا تھا۔ وائٹ کرٹنز اور وائٹ فرنیچر، اور پورے کمرے میں وائٹ روزیز اور بلیو کینڈلز کے ساتھ تیار کیا گیا تھا۔ بیڈ تک تاحد نگاہ پھولوں کی پتیوں سے روش بناء گئ تھی۔ کمرے کا خوابناک ماحول پر شے کی ڈھرکنیں تیز کرنے کے لیے کافی تھا۔ اس کے ماتھے پے چمکتے ننھے قطرے اس کو کنفیوزڈ ظاہر کر رہے تھے۔ اس کی ہتھیلیاں پسینے سے بھیگ چکی تھیں۔ دل کی ڈھرکن تیز اور پورا وجود کپکپا رہا تھا

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہزاروں عیب ہیں مجھ میں،مجھے معلوم بھی ہے یہ

مگر اک شخص ہے نادان سا،مجھے 'انمول' کہتا ہے.

زاوی بہاء آجاؤ ہیں،زارون کے سیل کی بیپ بجی تو عزی کا میسج آیا ہوا تھا.اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ رینگ چکی تھی. وہ خراماں خراماں چلتا ہوا سیڑھیاں عبور کرگیا تھا. کمرے کے پاس پہنچا تو عزی اس کا راستہ روکے کھڑی تھی.

آپ اندر نہیں جا سکتے؟.

کس خوشی میں چڑیل

پہلے پیسے دیں.

کیوں؟

تو پھر آپ اندر نہیں جا سکتے.

کتنے پیسے چاہیں تمہیں؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

50,000

اتنے زیادہ.

منکوحہ سے ملنا ہے یا نہیں؟

ملنا ہے آف کورس.

تو پیسے دیں.

یہ لو، زارون نے اپنا والٹ نکال کر دیا. اب ہٹو.

نہیں ، پہلے میں پیسے گنوں گی پھر جانے دوں گی یہ بات اب پرانی ہوگئی کہ والٹ پکڑایا

اور چلے گے.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

توبہ ہے تم سے عزی.

کیا پتہ آپ مجھے خالی والٹ پکڑا دیں پھر؟

گن لو میری اماں.

اب جاوں.

جاؤیں

اور صرف ۱۵ منٹ.

کیا؟

جی آپ کی بیگم نے کہا ہے.

اسے میں خود ہینڈل کر لوں گا.

آو کبھی یوں بھی میرے پاس

کہ آنے میں لمحہ اور جانے میں زندگی گزر جاے

کمرے کا لاک کھلنے کے ساتھ ہی پریشے کا تو سانس رکنے لگا.دل تو جیسے اچھل کر حلق میں آگیا تھا.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زارون نے روم میں انٹر ہوتے ہی روم ڈور لاک کر دیا تھا۔ آہستہ سے چلتا ہوا آکر بیڈ کے کنارے پر بیٹھ گیا۔ اور اپنی بیگم کو سلام کیا۔ جس کا جواب پریشے نے صرف سر کو خم کر کے دیا تھا۔ زارون تو بس اس کی ایک جھلک دیکھنے کو بے تاب تھا۔

پری ' زارون کی گھمبیر آواز جب کمرے میں گونجی تو پریشے کو لگا کہ ابھی اس کا دل ' پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو بے تاب ہو۔ اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتی زارون اس کا جالی دار سفید گھونگھٹ الٹ چکا تھا۔ایک لمحے کو تو جیسے زارون بھی ساکت رہ گیا۔ سدا کی سادی رہنے والی پریشے کا یہ روپ صرف اور زارون کیانی کے لیے ہی سجایا گیا تھا۔ وہ تو اپا آپ بھول رہا تھا۔ دیکھ رہا تھا تو صرف پوری آب و تاب سے چمکتا یہ چاند سا مکھڑا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کپکپاتا وجود اور لرزتے لب، شبنم کے قطروں کی روشن جبیں پر موجودگی،

پریشے تو کوء پری لگ رہی تھی جو پریستان چھوڑ کر صرف زارون کے لیے زمین پر اتاری گی ہو۔

زارون کا دل تو بے ساختہ چاہا کہ اپنی پری کو اپنے حصار میں مقید کر لے۔

اس نے نرمی سے اس موم کی مورت کا چہرہ اونچا کیا اور بس دیکھتا ہی گیا۔

وہ آنکھوں سے شرارت کرتا ہے

اپنی اداوں سے قیامت کرتا ہے

نگاہیں ان کے چہرے سے ہٹتی نہیں

پھر بھی ہماری نظروں سے شکایت کرتا ہے

'آپ تو میرے خوابوں اور سوچ سے بڑھ کر خوبصورت لگ رہی ہیں پری'

--اب تو مجھے افسوس ہو رہا ہے کہ میں نے رخصتی کی شرط کیوں نہیں رکھی۔

پری میں نہیں جانتا کہ کب میرے اندر آپ سے محبت کا جذبہ پیدا ہوا لیکن جب مجھے لگا کہ میری زندگی کا سفر آپ کے بغیر ممکن نہیں تو آپ کو اپنی زندگی میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا۔آپ کی جھجک اور مجھ سے کترانا میری سمجھ سے باہر تھا اور شاہد یہ ہی وجہ ہے کہ میں اپنی محبت کا اظہار نہیں کر سکا۔

آپ اب میری منکوحہ ہیں اور ہمارے درمیان آج جو پاک بندھن بندھا ہے وہ مرتے دم تک قاہم رہے گا۔

میں نے آپ سے پاک محبت کی ہے اور پاک محبت کی منزل نکاح ہے پری۔

URDU NOVEL BANK

اور ساتھ ہی بیڈ سائیڈ ٹیبل سے ایک مخملی کیس بھی پریشے کے سامنے کیا۔

یہ آپ کا گفٹ ہے پریشے،اب آپ خود پہنے گیں یا میں پہناوں تو کوء اعتراض۔

آپ خود پہنا دیں،پریشے کی سرگوشی نما آواز اس کے کانوں میں پڑی تھی۔

یہ تو بہت اچھی بات کی آپ نے۔

زارون نے مخملی کیس میں سے ایک خوبصورت اور نفیس سا ڈائمنڈ بریسلٹ اس کے داہنے ہاتھ کی زینت بنایا اور ساتھ ہی اس کے ہاتھ پے اپنے اس بندھن کی پہلی مہر محبت ثبت کی۔

یہ اب آپ کے وجود سے میری یا آپ کی آخری سانس تک جدا نہ ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور پریشے نے ایک آسودہ سی مسکراہٹ لیے زارون کے کندھے پر اپنا سر ٹکا دیا تھا اور یہی زارون اور پریشے کی محبت کا ثبوت تھا کہ وہ دونوں مرتے دم تک ساتھ رہیں گے۔

ضروری تو نہیں زبان سے کہیں دل کی بات

زبان اک اور بھی ہوتی ہے اظہار محبت کی

URDU NOVEL BANK

مگر وقت کے فیصلوں سے ہر اک کی طرح وہ دونوں بھی انجان تھے۔

توں پیا سے مل کے آء ہے

بس آج سے نیند پراء ہے

پری کو جب سے زاورن روم میں چھوڑ کر گیا تھا تب سے علیزے نے اس کا دماغ خراب کر رکھا تھا. عجیب سوال کر رہی تھی وہ پری سے اور سیدھی الٹی سریں الگ لگا رہی تھی.

سمپل انھوں نے اپنے دل کا حال سنایا اور یہ بریسلٹ گفٹ میں دیا اور میں بس انہیں سنتی رہی

انہیں کہنیں،

پلیز عزی بس کر جاو میں بہت تھک چکی ہوں اور نیند بھی آرہی ہے.

اچھا، لیکن آج تو دو بندوں کی آنکھوں سے نیند روٹھ چکی ہے ماے سسٹر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ایک آپ اور آپ کے وہ.

تم نے اگر رت جگا منانا ہے نہ تو اپنے حاشر حیات کو کہو کہ وہ تمہیں کال کر کے تمہاری بوریت دور کرے اور پلیز لاؤٹ آف کردو یار

سو جاو تم لیکن تمہیں نیند نہیں آنی آج ڈارلنگ

میں مما کو جا کے کہتی ہوں

کیا کہو گی؟

مرو تم.

لیکن تمہارے ساتھ ٹھیک۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری بیڈ کراون سے ٹیک لگاے بیھٹی تھی.اور دماغ مسلسل مختلف سوچوں کی آماجگاہ بنا ہوا تھا. زارون کی باتیں،اس کی محبت کا اظہار،اس کی وہ پرشوخ نگاہیں ابھی بھی یاد کرنے پر اس کی دھڑکنیں بے قابو ہو جاتیں تھیں. پری نے تو خود کئ باتیں کرنی تھیں

زاروں سے لیکن اس کے سامنے تو اس کے لبوں پے قفل لگ گیا تھا. اس نے ہمیشہ سے ایک پاکیزہ اور مضبوط ہمسفر کی ہمراہی کی دعا مانگی تھی اور وہ قبول بھی ہوگئ تھی.

پری غور سے اپنے ہاتھوں پے لگی زاروں کے نام کی لگئ مہندی کو دیکھتی رہی پھر نہ جانے کیا سوچ کر اس نے اپنے ہونٹ اپنی ہتھیلی پے لکھے زاروں کے نام پر رکھ دیے.

لیکن بہت مختصر عرصے کے لیے وہ اس کا ہمراہ بنا تھا. یہ فیصلہ تقدیر نے بہت پہلے ہی کر رکھا تھا اور ہم انسان تو کبھی بھی مکمل دعا نہیں مانگتے

تمہیں خبر ہے

کہ تم دعا ہو

وہ دعا جسے مانگ کر

یہ بھی مانگا جاتا ہے

کہ یہ میرے حق میں قبول ہوکر

پھر کسی کے حق میں قبول نہ ہو.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پری کو اس کے کمرے میں چھوڑ آنے کے بعد جب زارون بھی چینج کر کے اپنے بیڈ پر بیٹھا تو وہ بھی پریشے کے روپ کو یاد کرتا رہا. وہ پری پیکر اس کے خیالوں سے گئ ہی کبھی نہیں تھی لیکن اب تو زارون کو اپنی نیندوں پے بھی اسی کا قبضہ محسوس ہو رہا تھا.نیند اس کی آنکھوں سے کوسوں دور تھی. اس کے لبوں پے مسکراہٹ بکھر گئ وہ لمحہ یاد کرکے جب پریشے نے اس کے مضبوط شانے پر اپنا سر ٹکایا تھا. اس نے سیل فون آن کرکے آج کی تقریب کی تصاویر دیکھنی شروع کر دیں تھیں جو زاہرؔ نے اسے سینڈ کیں تھیں. اور کچھ سوچتے ہے زارون نے پریشے کی اس تصویر پر لب رکھ دیے جو زارون کے بیڈ پر اپنا چہرہ گھونگھٹ کی اوٹ میں لیے پورے استحقاق سے بیٹھی تھی.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آء لو یو مائے واءف فراہم کور آف مائے ہرٹ. کہہ کر ناجانے کب وہ نیند کی وادی میں اتر گیا

اذان فجر کی آواز کے ساتھ ہی کیانی ولا کے تمام افراد جاگ جاتے.آج بھی یہی ہوا تھا گوکہ کل کی تقریب رات گے ختم ہوء تھی لیکن اس وقت سارا گھر مہمانوں سمیت جاگ

URDU NOVEL BANK

رہا تھا سوائے علیزے کے.وہ نماز پڑھتی تھی لیکن آخر وقت میں جس پر روز اس کی عزت افزاء ہوتی.اور آج بھی یہی ہوا تھا.

تم سے پری اچھی ہے وہ کل کی دلہن کچن میں کھڑی سب کے لیے ناشتہ بنانے کی تیاری میں لگی ہے اور تم ہو کہ نیند ہی نہیں پوری نہیں ہوتی.

مما پلیز آج سونے دیں کل سے ٹائم پر اٹھوں گی اور پری کی ابھی رخصتی نہیں ہوئی کہ وہ ایک دن کی دلہن بھی بن گئی.

ہاں جس وقت سورج پوری طرح سے روشن ہو چکا ہوگا تب صبح ہو گی تمہاری اور اسلام میں نکاح ہی شادی ہے سمجھی اور نماز پڑھ کے آکر بہن کی مدد کرو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اٹھ گئی مما جی، اتنا غصہ نہ کیا کریں آپ۔

جی مہربانی بیٹا جی اور تم بھی سن لیا کرو میری،

ایک میری پری ہے اور ایک تم پتا نہیں کس پے گئی ہو میرا نام ہی ڈبو گئی تم۔

URDU NOVEL BANK

سلام زندگی، کیا ہو رہا ہے؟ کچن میں چاے کا کہنے آتے زارون نے پری کو سلام کیا اور ادھر پریشے کے ہاتھ سے بریڈ سلاٸس دھڑام سے نیچے زمین کو سلام کر رہا تھا.

وسلام، کہنے کے ساتھ ہی پریشے نے کچن سے دوڑ لگا دی اور لاونچ میں آکر سانس لیا اپنے پیچھے اس نے زارون کا اونچا قہقہ بغور سنا تھا

کیا ہوا ہے پری اور یہ تمہارا رنگ کیوں اڑا ہوا ہے۔ سیڑھیاں اترتی عزی اسکو لاؤنج میں ہانپتا دیکھ چکی تھی۔

کچھ نہیں ہوا،بس ایسے ہی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم ٹھیک تو ہونا۔

میں ٹھیک ہوں۔

تم تو کچن میں تھی۔

وہاں ہی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تو پھر کیا ہوا ہے۔

---وہ کچن میں

رکو میں دیکھ کے آء۔

اور کچن میں جاکر عزی کو اس کے ڈر کی وجہ سمجھ آگئ تھی کیونکہ وہ زارون کو کچن میں کھڑا دیکھ کر پری کے ڈر کی وجہ سمجھ چکی تھی۔

آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں، کیا کہا ہے آپ نے پری کو؟

کچھ بھی نہیں کہا میں نے میں تو چائے کا کہنے آیا تھا بس سلام کیا تو یہ بریڈ تک نیچے پھینک گئ ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اتنے محصوم نہیں ہیں آپ ویسے، تشریف کا ٹوکرا اٹھا کر جاۂیں آپ یہاں سے

چڑیل جارہا ہوں میں

چڑیل آپ کی وہ

نہیں رہ تو پری ہے پریستان کی۔

URDU NOVEL BANK

----جاتے ہیں یا

----توبہ تم سے

اور باہر آکر اس نے فلاؤنگ کس پری کی طرف اچھالی ضرور

تھی۔

میں اک ستارے کی سیرت پر مرمٹا ورنہ

فلک سے کرتا رہا چاند بھی اشارے مجھے

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حاشر کہاں جارہے ہو؟

وہ جو آج کئی دنوں بعد رات کے دوسرے پہر کلب جارہا تھا دادی کی آواز پر چونکا تھا کیونکہ راحت بیگم اس وقت اپنے کمرے میں ہوتیں تھیں۔

دادو میں وہ ارحم کی طرف جارہا تھا۔

URDU NOVEL BANK

بیٹا وہ تو مجھے بھی پتا ہے لیکن ارحم کے گھر تو تم کبھی نہیں جاو گے اتنا تو میں بھی جانتی ہوں۔

-- دادو ناہٹ کلب میں ہے وہ

بہت خوب تمھیں کتنا سمجھایا لیکن تم تو عہد کیے بیٹھے ہو کہ کوء بات نہیں ماننی، خیر وقت سب سے بڑا استاد ہے۔

ں اب اور مجھے کال کرنے کی کوء ء چھوٹا بچہ نہیں ہوں اب، جارہا ہودادو پلیز میں کو --ضرورت نہیں ہے آجاؤں گا میں کوفت ہوتی ہے مجھے آپ کے بار بار کال کرنے پر

حاشر تو اپنی زباں کے جوہر دیکھا کر چلتا بنا لیکن گئ لمحے راحت بیگم تو سن ہوگیں تھیں کہ یہ کس لہجے میں بات کرکے گیا تھا حاشر

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

بڑے پپا آپ سے اک بات کرنی ہے ضروری تو کیا میں ابھی اسٹیڈیز میں آجاؤں کیا؟

بیٹا آپ کو اجازت کی ضرورت کب سے ہوگئ ہے بات کرنے کے لیئے۔

نکاح کے بعد سے، جواب علیزے کی طرف سے آیا تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

کیوں ٹھیک کہہ رہی ہے آپ کی بہن کیا؟

نہیں ایسی کوء بات نہیں ہے اک بات تھی ضروری تو تب کہا ہے۔

نکاح کے 3 دنوں بعد زارون کے کولیگ اور دوست ہارون نے اس کے سامنے اپنی عرضی رکھی تھی کہ وہ علیزے کو زندگی کا ہمسفر بنانا چاہتا ہے تو زارون نے یہ کہہ کر بات روک دی کہ وہ گھر کے بڑوں سے بات کرکے اس کو بتائے گا اور پھر اس کی فیملی باقاعدہ طور پر آئے

اسی بات کو کرنے کے لیے آج زارون نے پہلے بڑے پپا سے بات کرنے کا سوچا تھا کیونکہ آج دن میں 2 بار تو ہارون کا فون آچکا تھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی بیٹا آ جانا کیوں نہیں

جی پپا جی

URDU NOVEL BANK

مان لو میری جاں کہ اپ کمینگ ویک کراچی میں آنے والی کانفرنس پے تمھیں بھاء ساتھ لے کر جانے کی بات کریں گئے ہنی مون منانے کیونکہ تمھین ڈیڈی زیادہ سپورٹ کرتے ہیں۔

رات کو کھانے کے بعد دونوں بہنیں لان میں واک کر رہی تھیں اور عزی مسلسل پری کے کان کھا رہی تھی

مجھے نھیں لگتا کہ ایسا کچھ کہیں گئے زارون ڈیڈ سے

اوہو تو اپنے سرتاج عزیز کے مزاج سے اتنی واقفیت خوب گزرے گی تم دونوں کی

بکو مت عزی اون اگر ایسا کچھ ہوا تو میں جاؤں گئ ہی نہیں اور دوسرا اگر گئ بھی تو میڈم آپ میرے ساتھ جاہیں گئ آء بات سمجھ۔۔

Visit for more novels
www.urdunovelbank.com

سوری مجھے کباب میں ہڈی بننے کا کوء شوق نہیں ہے ماء لوؤ۔

بدتمیز میں حاشر نہیں ہوں جو تم فضول القابات دے رہی ہو مجھے۔

----اوکے ڈارلنگ تو تم یہ زارون بھاء کو بولو بلکہ میں بلاتی ہوں رج کے رومینس کرنا
۔

یہ کہہ کر جہاں عزی نے باہر کو آتے زارون کو دیکھ لیا تھا فورا سے لمبے چوڑے زارون کی پیٹھ پیچھے چھپ گئی تھی تو وہیں پری صاحبہ جوکہ عزی کو مارنے مڑی تو سیدھی زارون سے جا ٹکراء تھی۔

سنو

تم جان ہو میری

تجھے کیسے بتاہیں ہم

کہ تم بن جی نہیں سکتے

تمہارے دم سے زندہ ہیں

تمھیں ہم جان کہتے ہیں

تمھیں ایمان کہتے ہیں

سنو

تم جان ہو میری

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تمھیں کیسے بتاہیں ہم

ہمھیں تم چھوڑ مت دینا

کہیں دل توڑ مت دینا

ہمیں تم ساتھ ہی رکھنا

ہمارے ساتھ ہی رہنا

سنو

تم جان ہو میری

---تمھیں کیسے بتاہیں ہم

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

---علیزے۔ اک کپ کافی لے کر میرے روم میں آؤ بات کرنی ہے اک ضروری

جی بھاء آگئ۔

URDU NOVEL BANK

دروازہ نوک کر کے وہ کمرے میں داخل ہوء تو کمرے میں زارون نہیں تھا البتہ ٹیرس پے کھڑے زارون کو وہ فون پے بات کرتا دیکھ چکی تھی- وہ جانتی تھی زارون کبھی بھی ٹھنڈی کافی نہیں پیتا اس لیے وہ بھی ٹیرس پے ہی آگئ، وہ نہیں جانتی تھی کہ زارون کس سے بات کررہا ہے لیکن خوشگوار لہجہ بتا رہا تھا کہ وہ بہت ہی خوش ہے اس نے زارون کو کہتے سنا تھا--

ویسے میں سوچ رہا ہوں کہ تم کیسے گزارا کرو گئے، بہت لڑاکا ہے وہ، تھوڑی جذباتی ہے لیکن پیار سے ڈیل کرو تو سمجھ جاتی ہے-

بس اتنے جلد باز نہ بنو کہا ہے سنڈے بیسٹ ہے تم لے آؤ آنٹی کو ہم انتظار کریں گئے، نہیں وہ تم آؤ گئے تو خود ہی پوچھ لینا، اللہ حافظ---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زارون جیسے ہی فون بند کر کے مڑا تو علیزے کسی گہری سوچ میں ڈوبی تھی-

عزی ڈول، کیا ہوا؟

کچھ نہیں بھاء، آپ کی کافی ٹھنڈی ہوگئ دوبارہ بنا لاتیں ہوں-

نہیں گڑیا یہ ہی ٹھیک ہے-

URDU NOVEL BANK

آپ نے کوء بات کرنی تھی۔

جی بلکل بات تو کرنی ہے مجھے

تو بولیں بھاء

پہلے یہ بتاؤ تمھارا فاہنل سمسٹر اسٹارٹ ہوگیا ہے تو میں یہ چاہ رہا ہوں کہ پارٹ ٹاہم تم آفس آجایا کرو،فیلڈ بھی یہی ھے تو تھوڑا تجربہ ہو جائے گا میری بارہی کو

جی ٹھیک ہے بھاء

اینڈ لسن ویک اینڈ پے اگر کوء پروگرام ہے تو اس کو سکپ کرو ہارون اور اس کی مدر آ رہے ہیں۔

-جی بھاء، اب میں جاؤں

ہمم، کوء بات کرنا چاہ رہی ہو کیا؟

نہیں بھاء۔

اوکے جی تو جاؤ اور کوء کام بھی کرلیا کرو موٹی ہوتی جارہی ہو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بھاء-----میں نہیں بولتی آپ سے، بہت برے ہیں آپ

سوچ لو میری شادی پے جو شاپنگ تم نے میرے پیسوں سے کرنی ہے وہ پھر بھول جاؤ

ایسے ہی کیسے بھول جاؤں،آپ کے تو اچھے بھی مجھے شاپنگ کرواہیں گے وہ بھی سارے فنگشنز کی

بڑی مما اورپپا میری ہارون سے بات ہوء تھی سنڈے کو لنچ ہمارے ساتھ کریں گے وہ لوگ، آپ مینیو ڈیساہڑ کرلیں۔

بیٹا ہماری ساری تیاری ہے، آپ پریشان نہ ہو۔

اور عزی سے بات کی آپ نے، زارون نے اپنی مخالف سمت بیھٹی پریشے سے پوچھا تھا۔

کس بارے میں، اور نہ ہی مجھے کسی نے کچھ بتایا ہے۔

